# پنجاب بورڈ آف ٹیکنیکل ایجوکیشن ۲۱۔اے کشمیر بلاک علامہ اقبال ٹاؤن لاہور

فون نمبر: 042-99260194 nsunvqf@gmail.com www.pbte.edu.pk

پی بی ٹی ای/این ایس یو/2026/ 67 SAY NO TO CORRUPTION مورخہ:۔ 17-02-2026

| امتحانی شیڈول/ڈیٹ شیٹ برائے ٹیوٹا شارٹ کورس 6 ماہ دورانیہ یکم ستمبر 2025ء تا 28 فروری 2026ء | |
|---|---|
| ٹریڈ / کورسز Exam Id=54 | امتحان منعقد ہونے کی تاریخ |
| ۱۔آٹو کیڈ ۲۔بیوٹیشن ۳۔شیف ۴۔سول ڈرافٹسمین (آٹو کیڈ) ۵۔سول سرویئر ۶۔CNC پروگرامر & مشینسٹ (کسٹمائزڈ) ۷۔کمپیوٹر ایپلیکیشنز ۸۔کسٹمر سیلز آفیسر ۹۔ڈومیسٹک ٹیلرنگ ۱۰۔الیکٹریشن ۱۱۔فیشن ڈیزائن ۱۲۔ہیٹنگ وینٹیلیشن ایئر کنڈیشننگ & ریفریجریشن ۱۳۔انجیکشن مولڈنگ مشین آپریٹر ۱۴۔موبائل فون ریپیئرنگ ۱۵۔آپٹیکل فائبر نیٹ ورکنگ (کسٹمائزڈ) ۱۶۔پلمبر ۱۷۔پروفیشنل کوکنگ ۱۸۔کوانٹٹی سرویئر ۱۹۔سوشل میڈیا مارکیٹنگ ایکسپرٹ (کسٹمائزڈ) ۲۰۔سولر فوٹو وولٹیک (PV) سسٹم فار پاور جنریشن ۲۱۔ٹیلرنگ (کٹنگ & سلائی) ۲۲۔ویب ڈیزائننگ ۲۳۔ویلڈر ۲۴۔مشین اینڈ ہینڈ ایمبرائیڈری | امتحان مورخہ 5 مارچ 2026ء بروز جمعرات منعقد ہوگا۔ |

**نوٹ:** بورڈ کی طرف سے ارسال کردہ Objective Type Paper صبح 09:00 بجے شروع اور 09:30 بجے ختم ہوگا۔اس کے فوراً بعد صبح 09:30 بجے پریکٹیکل کا امتحان شروع ہو گا جس کا پرچہ خود متعلقہ پرنسپل Arrange کریں گے / گی۔(دونوں امتحان ایک ہی دن ختم ہوں گے۔)

**پرنسپل ادارہ جات خصوصاً نوٹ کریں کہ**

-1 امتحانی پرچہ کا سیل شدہ لفافہ ادارہ کے پرنسپل سے ممتحن کو موصول ہوگا جو پرنسپل کی موجودگی میں کھولا جائے گا اور اس پر پرنسپل اور ممتحن کے دستخط ہونگے اگر سوالیہ پرچہ کا لفافہ کھلا ہوا ملے تو فوری طور پر سپرنٹنڈنٹ سیکریسی سے موبائل نمبر پر 0300-4099200 اور رزلٹ ایوارڈ لسٹوں کی عدم دستیابی پر موبائل نمبر 0323-5557420 پر رابطہ کریں۔

-2 طلباء کی حاضری بورڈ رولنمبر ز کی ترتیب کے مطابق ہی لگوائی جائے۔غیر حاضر طلباء کو واضح طور پر بمطابق حاضری شیٹ رزلٹ ایوارڈ لسٹ پر Absent تحریر کریں اور اسی طرح فیل / پاس بھی درست طور پر لکھیں دفتر بورڈ کی طرف سے ارسال کردہ Printed Result Evaluation Sheet (جس پر طالبعلم کے کوائف درج ہیں) پر رزلٹ تیار کیا جائے اور تیار کردہ Result Evaluation Sheet پر تیار کنندہ کا نام بمعہ دستخط اور پرنسپل ادارہ کے دستخط / مہر ثبت ہونا لازمی ہے۔

-3 حل شدہ پرچہ جات بمعہ رزلٹ شیٹس کی اصل کاپی اور حاضری شیٹ اسسٹنٹ کنٹرولر امتحانات این ایس یو کمرہ نمبر 35 پنجاب بورڈ آف ٹیکنیکل ایجوکیشن 21-A کشمیر بلاک علامہ اقبال ٹاؤن، دستی وصول یا بذریعہ کوریئر سروس ارسال فرمائیں۔

-4 بورڈ کی طرف سے بھیجی گئی رزلٹ شیٹ پر اُوور رائیٹنگ اور فلیوڈ قابل قبول نہ ہوگا۔

-5 ممتحن حضرات رزلٹ تیار کرتے ہوئے نمبروں کو اعشاریہ میں اندراج نہ کریں اعشاریہ کے اندر بنایا گیا رزلٹ قابل قبول نہ ہوگا۔

-6 امتحان ختم ہونے کے فوری بعد رزلٹ لازمی ارسال فرمائیں بصورت دیگر اس کی تمام تر ذمہ داری آپ پر عائد ہوگی۔

**خصوصی توجہ:** بمطابق سکیم آف سٹڈی امیدوار کا تھیوری، پریکٹیکل اور سیشنل میں علیحدہ علیحدہ پاس ہونا لازمی ہے بصورت دیگر اگر امیدوار کسی ایک component میں بھی فیل ہوگا تو تمام امتحان میں فیل تصور ہوگا۔

**ضروری انتباہ:** رزلٹ کی اشاعت کے ایک ماہ کے اندر طلباء کے رزلٹ میں کسی بھی Discrepancy کی صورت میں بورڈ سے رابطہ کیا جا سکتا ہے مقررہ مدت کے بعد کوئی درخواست قابل قبول نہ ہوگی۔

کنٹرولر امتحانات

**کاپی برائے اطلاع و ضروری کارروائی:**

1. پی ایس ٹو چیئرپرسن، پنجاب بورڈ آف ٹیکنیکل ایجوکیشن، لاہور۔
2. پی اے ٹو سیکرٹری، پنجاب بورڈ آف ٹیکنیکل ایجوکیشن، لاہور۔
3. پی اے ٹو کنٹرولر امتحانات، پنجاب بورڈ آف ٹیکنیکل ایجوکیشن، لاہور۔
4. ڈائریکٹر جنرل (اکیڈ) ٹیوٹا، لاہور۔
5. ریجنل ڈائریکٹر / ڈسٹرکٹ ڈائریکٹرز ٹیوٹا پنجاب۔
6. ڈپٹی کنٹرولر کنڈکٹ / سیکریسی، پنجاب بورڈ آف ٹیکنیکل ایجوکیشن، لاہور۔
7. تمام متعلقہ شعبہ جات، پنجاب بورڈ آف ٹیکنیکل ایجوکیشن، لاہور۔
8. تمام پرنسپل متعلقہ ادارہ جات۔
9. ویب ایڈمنسٹریٹر برائے اپلوڈنگ
10. پی آر او برائے اشاعت خبر

کنٹرولر امتحانات